آداب

یہ آکاش وانی سرینگرہے خبروں کا بلیٹن لےکر مینبلال وانی

پہلے اہم خبروں کی سرخیاں ۔

16/04/2026 07.40 / PM

ہیڈ لائنز

*........ پارلیمنٹ کا تین روزہ خصوصی اجلاس شروع// لوک سبھا میں خواتین کی ریزرویشن سے متعلق بل سمیت تین بل متعارف۔

*........ خواتین کو با اختیار بنانے میں سماج کی اصل آزادی کا راز مضمر// ایل جی منوج سنہا۔

*........ نشہ مکت جموںو کشمیر ابھیان کے تحت یوٹی بھر میں مختلف سرگرمیاں جا ری ۔

اور

*........ چیف سیکریٹری نے شری امر ناتھ جی یاترا کےلئے کئے جا رہے انتظامات کا لیا جائزہ۔

پارلیمنٹ

پارلیمنٹ کا تین روزہ خصوصی اجلاس آج سے شروع ہوا۔ اجلاس کے دوران پارلیمنٹ اور اسمبلیوں میں خواتین کو33فیصد ریزرویشن دیئے جانے سے متعلق بل پر توجہ مرکوز رہے گی۔

قانون اور انصاف کے مرکزی وزیر ارجن میگھوال نے اجلاس کے پہلے دن آج لوک سبھا میں آئین کے131ویں ترمیم سے متعلق بل2026اور حد بندی بل 2026 پیش کی۔

وزیر داخلہ امت شاہ نے ایوان مینمرکز کے زیرانتظام علاقوں کے قوانین سے متعلق ترمیمی بل 2026 متعارف کی۔

مودی لوک سبھا

وزیر اعظم نریندر مو دی نے کہا ہے کہ ملک کی50فیصد آبادی یعنی خواتین کو فیصلہ سازی کا ایک حصہ بنایا جانا چاہئے۔

بل سے متعلق ترامیم کے تین اہم بلوں پر بحث میں Adhiniyam لوک سبھا میں نا ری شکتی وندنا حصہ لیتے ہوئے انہوننے کہا کہ خواتین ملک کی ترقی میں کلیدی رول ادا کررہی ہے۔

انہوننے حزب اختلاف سے اپیل کی کہ وہ اس تاریخی قانون کوکسی بھی طرح کا سیاسی رنگ نہ دیں۔

منوج سنہا

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کہا ہے کہ خواتین کو ہر سطح پر با اختیار بنانے سے ہی سماج کی اصل آزادی کو یقینی بنایا جا سکتا ہے۔ یہ بات انہوننے آج SKICCسرینگر میں خواتین کسانوں کے بین الاقوامی سال کی مناسبت سے منعقد ہوئی ایک کانفرنس سے خطاب کے دوران کہی۔ یہ کانفرنس انڈین فارمرس Fertilizer کواپریٹیو لمیٹیڈ کے اہتمام سے منعقد کی گئی ۔ ایل جی نے کہا کہ خواتین

ہر شعبے میں غیر معمولی کارکردگی کا مظاہرہ کر رہی ہیں اور زراعت کے شعبے کی ترقی میں خواتین کا رول کلیدی اہمیت کا حامل بنتا جا رہا ہے۔

-----LG----

کے Singhani کے چیرمین دلیپ IFFCOاس کانفرنس میں زراعت کے وزیر جا وید احمد ڈار اور علاوہ دیگر کئی شخصیات نے بھی شرکت کی۔

یہ بات قابل ذکر ہے کہ اقوام متحدہ نے سال 2026 کو خواتین کسانوں کا بین الاقوامی سال قرار دیا ہے۔

جا وید ڈار

زراعت کے وزیر جا وید احمد ڈار نے آج بارہمولہ میں محکمہ تعلیم کے اعلیٰ افسروں کی ایک میٹنگ میں ضلعے کے تعلیمی منظر نامے کا جائزہ لیا۔

انہوںنے اس سیکٹر کو مزید مستحکم بنانے کےلئے موثر منصوبہ بندی ا ور متعلقین کے درمیان مضبوط تال میل کی ضرورت پر زور دیا ۔ وزیر نے اس سلسلے میں درپیش تمام چلینجوں کا مقابلہ کرنے میں وزارت کے مکمل تعاون کا یقین دلایا۔

میٹنگ میں ڈائریکٹر ایجوکیشن کشمیر اور چیف ایجوکیشن آفیسر بارہمولہ کے علاوہ دیگر کئی افسران بھی موجود تھے۔

جاوید رانا

جل شکتی کے وزیر جاوید احمد رانا نے کہا ہے کہ تعلیم کا زندگی کے ہر شعبے میں ایک اہم کردار ہے اور آج کے تعلیمی منظر نامے میں جہاں اعلیٰ تعلیمی نظام تحقیقی اور اختراعی سطح پر استوار ہو رہا ہے وہیں بنیادی سطح پر بھی کافی بدلاو دیکھنے کو مل رہا ہے ۔ آج مینڈھر جموں میں ایک پرائیویٹ سکول کے سالانہ دن کے موقعہ پر وزیر موصوف نے ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے Progress کہا کہ تعلیمی اداروں میں اخلاقی اور ضابطہ عمل کے علاوہ نصابی مضامین میں ڈیجیٹل کو بھی اہمیت دی جا رہی ہے ۔

علاقے میں پنچایت گھر کا سنگ بنیاد Gholad Relhan دریں اثناءوزیر موصوف نے آج مینڈھر کے رکھا ۔ یہ پنچایت گھر تیس لاکھ روپے کی لاگت سے تیار کیا جائے گا ۔

سکینہ ایتو

کی طالبہ th Semesterوزیر تعلیم سکینہ ایتو نے گورنمنٹ کالج فار وومن گاندھی نگر جموں کی 4 انجلی چودھری کے فوت ہونے پر گہرے رنج کا اظہار کیا ہے ۔ انجلی چودھری کی آج صبح ادھمپور میں ایک سڑک حادثے میں موت واقع ہوئی ۔ یہ حادثہ اس وقت پیش آیا جب وہ اپنی ساتھی طالبہ کے ساتھ پَکنک کے لئے پتنی ٹاپ جا رہی تھی ۔ وزیر موصوفہ نے لواحقین کے ساتھ ہمدردی کا بھی اظہار کیا ۔

ہاوس کمیٹی

جمونو کشمیر میں جل جیون مشن کے تحت عملائی جا رہی سکیموں کا جائزہ لینے کےلئے تشکیل دی گئی اسمبلی کی ہاوس کمیٹی نے آج راجوری اور پونچھ اضلاع میں جل جیون مشن کی کئی سکیموں کا بر سر موقعہ معائنہ کیا۔

اس دوران ان اضلاع کے کئی علاقوں سے تعلق رکھنے والے عوامی وفود نے کمیٹی کے ممبران کے ساتھ ملاقات کر کے اس ضمن میں انہیں اپنے مطالبات سے آگاہ کیا۔

**چیف سیکریٹری**

**چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے آج جموں میں شری امر نا تھ جی شرائن بورڈ کی ایک اعلیٰ سطح کی میٹنگ کے دوران اس سال کی شری امر نا تھ جی یاترا کے احسن انعقاد کےلئے انتظامات کا جائزہ لیا۔**

**اس موقعے پر لیفٹنٹ گورنر کے پرنسپل سیکریٹری اور بورڈ کے چیف ایگزیکٹیو آفیسر ڈاکٹر مندیپ کے بنڈاری نے اس سلسلے میں کی جا رہی تیاریوں کا خلاصہ پیش کیا۔**

**چیف سیکریٹری نے یاترا کو کامیاب بنانے کےلئے مختلف محکموں کے درمیان قریبی تال میل پر زور دیا۔**

**اس سال کی یاترا جولائی کی3تاریخ سے شروع ہوکر28اگست کو اختتام پذیر ہو گی۔**

**اس دوران چیف سیکریٹری نے ایک علیحدہ میٹنگ میں پردھان منتری انٹرن شپ سکیم PMIS کی عمل آوری اور حصولیابیوں کا جائزہ لیا ۔**

**درخشاں**

**جموں کشمیر وقف بورڈ نے تلاب کھٹیکاں جموں میں جامع مسجد کی تعمیر شروع کی ہے ۔ اس مسجد کی تعمیر وقف بورڈ کی چیر پرسن ڈاکٹر سید درخشاں اندرابی کی نگرانی میں ہو رہی ہے ۔ اس بیچ انہوں نے آج مسجد کی تعمیر کا موقعہ پر ہی جائزہ لیا ۔ انہوں نے ہدایات دیں کہ مسجد کی تعمیر مقررہ مدت میں مکمل کی جائے ۔ واضح رہے اس مسجد کی تعمیر کئی برسوں سے التواءمیں پڑی تھی ۔**

**اعجاز بشیر**

**جمونو کشمیر کے ڈائریکٹر کالجز پروفیسر شیخ اعجاز بشیر نے کہا ہے کہ جمونو کشمیر کے مختلف کالجوں میں تدریسی سال2026-27 کےلئے4سالہ انڈر گریجویٹ اور انٹیگریٹڈ PGپروگراموں کےلئے داخلے کا عمل عنقریب شروع ہو گا۔ ڈائریکٹر نیوز اور آکاشوانی نیوز سرینگر کے سر براہ طارق راتھر کے ساتھ بات کر تے ہوئے پروفیسر شیخ اعجاز بشیر نے کہا۔**

**------Byte------**

**ریل معاہدہ**

**اب پیش ہے ریل خدمات سے متعلق خبر۔**

**-----Music-----**

**شمالی ریلوے کے جموں ڈویژن نے پیٹرولیم مصنوعات کی بلاخلل اور ہموار نقل حمل کو یقینی بنانے کےلئے بھارت پیٹرولیم کارپوریشن لمیٹیڈ کے ساتھ" گتی شکتی ملٹی ماڈیول کارگو ٹرمینل" کےلئے ایک اہم تجارتی معاہدہ طے کیا ہے۔ اس معاہدے سے خطے کی توانائی سپلائی چین مزید مضبوط ہو گی۔**

**اس معاہدے پر ریلوے کی جانب سے جموں ڈویژن کے سینئر ڈویژنل کمرشل منیجر Uchit Singhal اور بھارت پیٹرولیم کارپوریشن لمیٹیڈ کی جانب سے ٹریٹری منیجر جموں چندن چوہان نے دستخط کئے۔**

**اس دوران ریلوے نے مسافروں کی سہولت کےلئے Rail one app-متعارف کیا ہے**

**-----Promo-----**

بریک

یہ خبر یں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔

پربھی سما عت کر سکتے ہیں۔ DTH اور AIR خبر یںآپ آکاشو انی کے موبا ئیل ا پلیکشن نیوز آن

ہمارے خبروں کے بلیٹن اور نیوز روم کے پروگراموں ، ڈسٹرکٹ نیوز لیٹر، نئی منز لیں اور شہر پر Radiokashmir@gmail.com شہر منظر کے بارے میں آپ اپنا فیڈ بیک ہمارے ای میل ایڈریس بھیج سکتے ہیں ۔

ہمارے علاقائی نیوز بلیٹن اور پروگرام یوٹیوب ، ایکس اور انسٹاگرام پر بھی دستیاب ہیں ۔

*........ابنشہ مکت جموں کشمیر ابھیان سے متعلق خبریں۔

نشہ مکت ابھیان

جمونو کشمیر میں11اپریل کو شروع کیا گیا ایک سو دنوں پر مشتمل نشہ مکت جمونو کشمیر ابھیان کے تحت مختلف سرگرمیاں انجام دی جا رہی ہیں۔ یوٹی کے سبھی اضلاع میں منشیات مخالف بیداری پروگرام منعقد کئے جا رہے ہیں، جن کے تحت لوگوں کو یہ ابھیان کامیاب بنانے کی تاکید کی جا رہی ہے۔ اس ابھیان کے آغاز پر لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے منشیات کے کاروبار میں ملوث افراد کے خلاف کڑی کارروائی کا اعلان کیا تھا۔

-----LG Drugs----

نوجوانوں کو اس بری عادت سے چھٹکارا دلانے کےلئے درکار اقدامات کے بارے میں سرینگر کی ریگل لین ٹریڈرس ایسو سی ایشن کے صدر شوکت احمد بٹ نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے کہا۔

-----Showkat Ah----

شکارا ریلی

نشہ مکت جمونو کشمیر ابھیان کے ایک حصے کے طور محکمہ سیاحت کشمیر کے اہتمام سے آج جھیل ڈل میں شکارا ریلی کا انعقاد کیا گیا۔ اس پروگرام کے بارے میں جوائنٹ ڈائریکٹر ٹور ازم کشمیر وسیم راجا نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے سر براہ اور ڈائریکٹر نیوز طارق راتھر کے ساتھ ایک خصوصی بات چیت کے دوران کہا۔

---Waseem Raja----

نشہ پروگرام

اس دوران گورنمنٹ سکنڈری سکول بالہامہ سرینگر میں محکمہ اطلاعات و تعلقات عامہ کے اہتمام سے منشیات مخالف بیداری پروگرام منعقد کیا گیا۔ اس موقعے پر پروگرام کے شرکاءکو جمونو کشمیر میں منشیات کی بدعت کا خاتمہ کرنے میں موثر رول ادا کرنے کی تاکید کی گئی۔

پولیس ڈرگ

اس دوران منشیات کے کاروبار کے خلاف پولیس کی کاروائیاں جاری ہیں ۔ جموں صوبے کے ڈوڈہ ضلعے کے ٹِپری ٹھاٹھری میں بھنگ کی کاشت کو تباہ کر دیا ہے ۔

اور گورنمنٹ ہائی سکول مجالٹہ کے Latti ادھمپور میں پولیس نے گورنمنٹ ہائی سکول چھاپر علاوہ دیگر کئی مقامات پر منشیات کے مضر اثرات سے متعلق بیداری پروگرام منعقد کئے ۔

اور گورنمنٹ گرلز ہائر Chandak پونچھ میں بھی پولیس نے گورنمنٹ ہائیر سیکنڈری سکول سکینڈری سکول مینڈھر میں اسی طرح کے پروگراموں کا انعقاد کیا ۔ پولیس نے ضلعے کے فضل آباد سُرنکوٹ کے رہنے والے عمران خان نامی ڈرگ سمگلر کی گرفتاری عمل میں لائی ۔

راجوری اور سانبہ ضلعوں میں بھی پولیس کے اہتمام سے نشہ مکت جموں کشمیر ابھیان کے تحت بیداری پروگرام منعقد ہوئے ۔

کشمیر پولیس

ڈرگ سمگلروں کے خلاف ایک جامع کارروائی کے دوران پولیس نے کشمیر صوبے کے اننت ناگ ضلعے میں6، پلوامہ ضلعے میں6 اور گاندربل ضلعے میںایک ڈرگ سمگلر کو گرفتار کیا ہے۔ ان کے قبضے سے منشیات اور نشیلی اشیاءکی ایک بڑی مقدار ضبط کی گئی ہے۔

پروگرام اطلاع

منشیات کے بڑھتے رجحان: چلینجز اور حل“ کے موضوع پر آکاشوانی نیوز سرینگر کی طرف ” سے تیار کردہ خصوصی پروگرام کی تیسری اور آخری قسط آج رات ساڑھے 8بجے نشر ہو گی۔

پروگرام کے مہمان ہیں پدم شری پروفیسر شفیع شوق اور ان کے ساتھ شریک گفتگو ہونگے ڈائریکٹر نیوز اور شعبہ خبر کے سربراہ طارق راتھر۔

Gong سیاسی

*.......اب پیش ہیں مختلف سیاسی جماعتوں کی سرگرمیوں سے متعلق خبریں۔

فاروق عبداللہ

نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے کہا ہے کہ بھارتی فوج نے ملک کی سالمیت کو برقرار رکھنے میں ہرہمیشہ اپنا کلیدی رول ادا کیا ہے۔ بڈگام ضلعے کے رنگریٹ علاقے میں واقع فوج کے جمونو کشمیر لائٹ انفنٹری ریجمنٹل سینٹر میں ایک تقریب پر اپنے خیالات کا اظہار کر تے ہوئے انہوننے کہا کہ عالمی امن میں ہی انسانیت کی سلامتی یقینی ہے۔

--Dr. Farooq Abdullah--

این سی

نیشنل کانفرنس کے جنرل سیکریٹری علی محمد ساگر نے کہا ہے کہ عوام کی راحت رسانی پارٹی کا بنیادی ایجنڈا ہے اور موجودہ سرکار اس ایجنڈا کو عملانے کےلئے تمام وسائل بروئے کار لا رہی ہے۔

سرینگر میں پارٹی لیڈروں اور کارکنوں کے ایک اجلاس سے خطاب کر تے ہوئے انہوننے کہا کہ گذشتہ ڈیڑھ سال کے دوران جمونو کشمیر میں مختلف شعبوں میں ترقی درج کی گئی ہے۔

اس دوران پارٹی سے وابستہ پارلیمنٹ ممبر میاں الطاف احمد نے بلند پایہ ولی حضرت با با حیدر ریشی المعروف ریش مول صاحب ؒ کے سالانہ عرس پر عقیدت مندوں کےلئے تمام سہولیات دستیاب رکھنے کی انتظامیہ سے تلقین کی ہے۔

یہ عرس ریش مول صاحب ؒ کے آستان عالیہ واقع اننت ناگ میں منایا جا رہا ہے۔

محبوبہ

پی ڈی پی صدر محبوبہ مفتی نے آج اپنے پارٹی پروگرام " کتھ باتھ " کے تحت بارہمولہ میں کئی عوامی وفود سے ملاقات کی ۔ اس موقعہ پر انہوں نے ان کے معاملات اور مسائل سے متعلق آگاہی حاصل کی ۔ بعد میں میڈیا نمائندوں کے ساتھ بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا ۔

-----Mehbooba------

اشوک کول

بی جے پی جموں کشمیر کے جنرل سیکریٹری آرگنائزیشن اشوک کول نے آج Prashikshan Maha Abhiyan پروگرام کے تحت امر سنگھ کلب سرینگر میں وادی کے پارٹی ضلع صدور کے ساتھ ایک میٹنگ منعقد کی ۔ اس موقعہ پر پارٹی کے سٹیٹ جنرل سیکریٹری محمد انور خان کے علاوہ سٹیٹ سیکریٹری اور دیگر اعلیٰ عہدیدار بھی موجود تھے ۔ میٹنگ میں پارٹی کے کئی جاری پروگراموں کا جائزہ لیا گیا ۔

یُدھویر سیٹھی

بی جے پی کے سینئر لیڈر اور ایم ایل اے جموں ایسٹ یُدھویر سیٹھی نے بی جے پی ہیڈ کوارٹر کچی چھاونی جموں میں آج ایک عوامی دربار کا انعقاد کیا جس میں انہوں نے لوگوں کے مسائل سنے اور ان کے بر وقت ازالے کی یقین دہانی کرائی ۔

BJP

بی جے پی لیڈر اور سابق وزیر سُکھنندن چودھری نے ترکوٹہ نگر جموں میں پارٹی دفتر پر ایک پریس کانفرنس میں کسانوں کو در پیش مسائل کو اجا گر کرتے ہوئے نیشنل کانفرنس کی سرکار کو تنقید کا نشانہ بنایا ۔ انہوں نے کسانوں کو آبپاشی کے حوالے سے سہولیات کی عدم دستیابی جیسے مسلے پر جلد کاروائی کرنے کی اپیل کی ۔

اس بیچ بی جے پی کے مہیلہ مورچہ نے بِشنا انتخابی حلقے میں ایک مہیلا سممیلن کا اہتمام کیا ۔ اس سممیلن میں خواتین کو با اختیار بنانے کے حوالے سے ٹھوس اقدامات کئے جانے پر زور دیا گیا ۔

تقریب

جموں اینڈ کشمیر اکیڈیمی آف آرٹ کلچرل اینڈ لینگویجز کے اہتمام سے ٹیگور ہال سرینگر میں ایک ادبی تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب میں اشرف عادل کی"جہانِ لاشعور" اور ڈاکٹر احمد منظور کی"برگِ سکوت" نامی شعری مجموعونکی رونمائی انجام دی گئی۔

تقریب کی صدارت ممتاز ادیب و دانشور ایاز رسول نازکی نے کی جبکہ نامور شاعر نذیر آزاد کے علاوہ دیگر کئی شخصیات بھی اس موقعہ پر موجود تھیں ۔

در بار مو

جنرل ایڈمنسٹریشن ڈیپارٹمنٹ کی طرف سے جاری ایک حکمنامے میں کہا گیا ہے کہ دربار مو سے جڑے تمام دفاتر 4مئی کو سرینگر مینکھلیں گے ۔

حکمنامے کے مطابق ہفتے میں پانچ دن کام کرنے والے دفاتر30اپریل کو ، جبکہ6دن کام کرنے والے دفاتر دو مئی کو جموںمیں بند ہوں گے اور یہ دفاترسرینگرمیں 4مئی کو دوبارہ اپنا کام کاج شروع کریں گے ۔

دربار کی احسن منتقلی کیلئے متعلقہ محکموں کی طرف سے تمام لازمی اقدامات کئے گئے ہیں۔

موسم

محکمہ موسمیات کے مطابق اگلے 24گھنٹوں کے دوران جموں کشمیر کے بیشتر مقامات پر ہلکی سے درمیانہ درجے کی بارش ہونے کا امکان ہے ۔

سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت26 اعشاریہ 4 ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 8 اعشاریہ 6 ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جموںمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 36 ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 19 اعشاریہ1 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح5بجکر 58 منٹ اور

غروب آفتاب شام7 بجکر04منٹ پر ہو گا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن کل صبح 7.45 منٹ پر کشمیری میں نشر ہو گا ۔

خدا حافظ

.....................................

...................

.......